مزاروں پر منتوں کا حکم

الحمدللہ والصلوۃ والسلام علی رسول اللہ

الاستفتاء: کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ کافی عرصہ پہلے میں انڈیا گئی اور میں نے وہاں کئی مزاروں پر اولیاء کے ناموں پر منتیں مانیں۔اب وہ منتیں مجھے یاد نہیں کہ کہاں میں نے کونسی منت مانی تھی۔ منتوں کے بارے میں بھی مجھے کچھ یاد نہیں تو اب کیا میرے اوپر کوئی کفارہ ہے؟

سائل : یاسمین یوکے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق والصواب

جواب سے پہلے نذر یا منت کی اقسام کو سمجھنا ضروری ہے نذر کی دو قسمیں ہیں [1]: نذرِ شرعی [2]: نذرِ عرفی

[1]: نذرِ شرعی وہ عبادت مقصودہ ہے جو جنس واجب سے ہو اور وہ خود بندہ پر واجب نہ ہو، مگر بندہ نے اپنے قول سے اسے اپنے ذمہ واجب کر لیا ہو مثلاً یہ کہا کہ میرا یہ کام ہو جائے تو دس رکعت نفل ادا کروں گا اسے نذر شرعی کہتے ہیں۔ یہ اللہ عزوجل کے لیے خاص ہے اس کا پورا کرنا واجب ہے۔ (ماخوذ از فتاوی امجدیہ، حصہ ۲، ص ۳۱۲)

[2]: اولیاء اللہ کے مزاروں پر ان کے نام کی جو نذر مانی جاتی ہے اسے نذرِ عرفی اور لغوی کہتے ہیں اس کا معنی نذرانہ ہے جیسے کوئی شاگرد اپنے استاد سے کہے کہ یہ آپ کی نذر ہے یہ بالکل جائز ہے یہ بندوں کی ہو سکتی ہے مگر اس کا پورا کرنا شرعاً واجب و ضروری نہیں بلکہ مستحب ہے یعنی کریں تو بہت اچھا ہے مثلاً گیارہویں شریف کی نذر۔

لہٰذا جن کے بارے میں سوال کیا گیا وہ نذور یا منتیں عرفی ہیں لہٰذا اگر سائلہ محترمہ وہ منتیں پوری نہ کریں گی تو ان پر کچھ کفارہ نہیں۔ اگر یاد بھی ہوتیں تو بھی ان منتوں کا پورا کرنا ان پر واجب نہ تھا کما بینا۔ کچھ لوگ اولیاء اللہ کے نام نذور کو ناجائز کہتے ہیں یہ ان کی خام خیالی ہے۔

بہار شریعت میں ہے کہ اولیاء اللہ کو ایصالِ ثواب، نہایت مُوجبِ برکات و امرِ مستحب ہے، اِسے عُرفاً براہِ ادب نذر و نیاز کہتے ہیں، یہ نذرِ شرعی نہیں جیسے بادشاہ کو نذر دینا۔ {بہار شریعت ج ۱ حصہ ۱ ص ۲۷۶}

امام احمد رضا خان علیہ رحمۃ الرحمٰن سے ایک سوال ہوا کہ کسی اولیاء اللہ یا شہید رحمۃ اللہ علیہ کے مزار شریف پر پھول یا کپڑے کی چادر منت مان کر چڑھانا کیسا ہے۔ چاہئے یا نہیں؟ الجواب یہ منت کوئی شرعی نہیں اذ لیس من جنسہ واجب: اسی صفحے پر ایک اور جگہ فرماتے ہیں کہ خصوصیاتِ عرفیہ میں اگر وجوب نہ جانے حرج نہیں۔ یعنی واجب سمجھ کر ایسا نہ کرے۔

باقی رہا جواز تو اولیاء اللہ کے نام پر نذر ماننے میں کوئی حرج نہیں اور پوری کرنا بھی جائز۔

مزید ایک سوال کے جواب میں ارشاد فرماتے ہیں کہاس قسم کے چڑھاوے شرع میں کہیں مطلقا منع نہیں، نہ یہ نذورِ شرعی، بلکہ عرف ہے کہ اکابر کے حضور جو کچھ لے جاتے اسے نذر کہتے ہیں، جیسے بادشاہ کی نذریں۔ اکثر چڑھاوے منت ہی نہیں ہوتے، نہ یہ نذر شرعی نہ نذر۔ { فتاوی رضویہ ج۹ ص ۵۳۲ سے ۵۳۵ }

وطعام نذر اللہ اغنیاء را خوردن حلال نیست و اگر فاتحہ بنام بزرگے دادہ شد پس اغنیاء را ہم خوردن دراں جائز ست: یہی شاہ ولی اللہ ''زبدۃ النصائح'' میں مندرج فتوی میں لکھتے ہیں۔ اور اللہ عزوجل کے لیے جو نذر مانی جاتی ہے اس کا کھانا اغنیاء کے لیے حلال نہیں۔ لیکن اگر کسی بزرگ کے نام کی فاتحہ دی جائے تو اس میں اغنیاء کو کھانا بھی جائز ہے۔'' (زبدۃ النصائح/ فتاوی رضویہ ج۹ ص ۵۳۲ سے ۵۳۵)

وقال الإمام الأجلّ سيّدي عبد الغنيّ النابلسيّ قدّس سرّه في ''الحديقة الندية'': ومن هذا القبيل زيارة القبور، والتبرّك بضرائح الأولياء والصّالحين، والنذر لهم بتعليق ذلك على حصول شفاء أو قدوم غائب، فإنّه مجاز عن الصدقة على الخادمين لقبورهم: اسی قبیل سے ہے قبروں کی زیارت اور اولیاء وصالحین کے مزارات سے برکت لینا اور کسی بیمار کی شفا یابی یا کسی غائب کی آمد کی شرط کرکے ان کے لیے نذر پیش کرنا کہ دراصل یہ قبروں کے خدام پر صدقہ سے مجاز ہے {**الحديقة الندية'' الخلق الثامن والأربعون، ج۲، ص ۱۵۱**}

وقال الإمام الأجلّ سيّدي الشاه احمد رضا خان عليه الرحمة في كتابه جدالممتار " إنّ النذور لهم بعد تجافيهم عن الدنيا كالنذور لهم وهم فيها، وهي شائعةٌ بين المسلمين، والعلماء، والصلحاء، والأولياء منذ قديم، وليس نذراً مصطلح الفقه" امام احمد رضا خان علیہ الرحمۃ جدالممتار میں فرماتے ہیں کہ اولیاء اللہ کے لیے نذریں ماننا ان کے دنیا سے جانے کے بعد اسی طرح ہی ہے جیسے ان کے دنیا میں موجود ہونے کے وقت ان کو کچھ نذر کیا جائے یعنی جیسے یہ جائز ویسے ہی وہ جائز ہیں۔ یہ قدیم زمانے سے مسلمانوں، اولیاء اور صالحین کے درمیاں رائج ہے۔ یہ نذر فقہی نہیں۔

{**جدالممتار حاشية على ردّ المحتار ج۳، ص ۲۸۵**}

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

کتبہ ابوالحسن محمد قاسم ضیاء قادری

Question:

What do the noble ulamā say regarding the following matter, I visited India a while back and I made vows at a number of the sanctuaries of the awliyā there. Now I do not recall what specific vow I made at each place. I don't recall the details of the vows either, so is there any expiation (kaffārah) upon me?

Answer:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الجواب بِعَونِ المَلِکِ الوَھاب اللھم ھدایۃَ الحَق و الصواب

Before giving an answer it is important to understand the categories of vows (Nadhr). There are two types of vows 1) A vow according to Shar'īah (nadhr shar'ī) 2) Customary vow (nadhr 'urfī).

1) A vow according to the Sharī'ah is that intended act of worship that from it's type is the necessary (wājib), but itself is not wājib upon the person, however the person through his statement has made it necessary upon himself. For example one said, 'if this affair of mine is completed then I will offer 10 rak'ats of nafl prayer'. We call this a shar'ī vow [nadhr shar'ī]. This is specific for the sake of Allāh and its fulfilment is wājib.

(ماخوذ از فتاوی امجدیہ، حصہ ۲، ص ۳۱۲)

2) That kind of vow which is made at the mausoleums of the awliyā is what is known as a customary vow [nadhr 'urfī] or a linguistic vow [nadhr lughawī] and it's meaning is an appreciation just as a student may say to his teacher this is in appreciation of you. This is allowed and well and can be for people but its fulfilment will not be necessary and wājib, rather it is commendable (mustahabb) i.e. if it is fulfilled then that is very good, for example the vow of doing ghiyārwī sharīf.

Thus the matters that have been asked about by the questioner are customary vows so if the respected questioner does not fulfil them there will be no expiation (kaffārah) upon her. Even if they were remembered the fulfilment of such customary vows would still not be wājib upon her. Some people say that such customary vows in the names of the awliyā of Allāh are impermissible. This is from their deficient thinking.

It is mentioned in Bahār e Sharī'at that donating the reward of actions (Isāle Thawāb) is a cause of blessings and a commendable matter. Customarily out of etiquette it is called nadhr and niyāz, but this is not a shar'ī vow, like giving a gift of appreciation to a king.

{بہار شریعت ج ۱ حصہ ۱ ص ۲۷۶}

Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him in His mercy) was asked about vowing to place flowers or a cloth on the mausoleum of a walī of Allāh or a martyr (may Allāh cover them in His mercy), should it be done or not. The answer was that this is not a shar'ī vow as there is not from this type of act that which is in the category of the wājib. On the same page at another place he mentions that as long as customary specifics are not considered wājib by a person there is no harm in them but they should not be done with the thinking that they are wājib.

What remains then is the matter of permissibility. There is no harm in making customary vows in the name of the awliyā and fulfilling them is also permissible

Furthermore in an answer to another question the Imām (may Allāh cover him in His mercy) states that there is no absolute forbiddance of this type of service at the mausoleums of the awliyā , neither are they shar'ī vows, rather the custom is that whatever is taken into the presence of elders is called nadhr. Just as the appreciation offered to a king. Most of the service presented at the mausoleums are not shar'ī vows or customary ones.

{فتاوی رضویہ ج۹ص ۵۳۲ سے ۵۳۵}

Shāh Walī Allah al-Dehlawī writes similarly in his fatwa included in 'Zubdat al-Nasā'ih' that eating from [the food which is distributed due to] a vow [of feeding people] that is taken for the sake of Allāh, is not permissible for the rich. However if food is distributed where the reward of that is donated to a walī then it is permissible for the rich to also partake in that.

(زبدۃالنصائح/فتاوی رضویہ ج۹ص ۵۳۲ سے ۵۳۵)

The distinguished Imām, my master Shaykh 'Abd al-Ghanī al-Nābulsī (may Allāh sanctify his secret) says in 'al-Hadīqah al-Nadiyyah':

"And from this perspective is the visitation of the graves and seeking of blessing from the resting paces of the awliyā and righteous (sālihīn) and presenting nadhr to them, conditional on the attainment of cure from illness or the return of a missing person, because that [nadhr] is metaphorical for the gifting of sadaqah to the servants at those mausoleums."

{الحديقة الندية "الخلق الثامن والأربعون، ج ٢، ص ١٥١}

The distinguished Imām, my master Imām Ahmad Ridā Khān (may Allāh cover him in His mercy) mentions in his work 'Jadd al-Mumtār': Indeed vows concerning them after they have departed from this world are like vows concerning them while they are in this world. This is widespread between the Muslims, the scholars, the righteous and the awliyā from a very long time and this is not the legal vow [that which is considered according to the terminology of Islamic Jurisprudence].

واللہ تعالی اعلم ورسولہ اعلم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

Answered by Abu al-Hasan Muhammad Qāsim Ziā al-Qādirī

Translated by Ustādh Ibrār Shafī